# PROVINCIAL ASSEMBLY SECRETARIAT OF KHYBER PAKHTUNKHWA

No. PA/Khyber Pakhtunkhwa/L-II (Q) /2024/ 18727
Dated Peshawar, the 27 /12/2024.

**MOST IMMEDIATE**
**ASSEMBLY BUSINESS**
**PH # 091-9210489 Ext: (1216)**

To,

All the Administrative Secretaries,
Government of Khyber Pakhtunkhwa.

Subject: - **ALLOTMENT OF DAYS FOR ANSWERING QUESTIONS FOR 5TH SESSION OF THE PROVINCIAL ASSEMBLY OF KHYBER PAKHTUNKHWA.**

Dear Sir,

I am directed to refer to the subject cited above and to inform you that under rule 37 of the Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa Procedure and Conduct of Business Rules, 1988, Mr. Speaker has been pleased to allot days to various Administrative Departments in order of rotation for answering questions in the Provincial Assembly Session as at Annexure-I.

**2.** Questions in 69th, 70th, 71st, 72nd and 73rd groups as at Annexure-II will be taken-up on 02nd, 03rd, 06th, 07th & 08th January, 2025, respectively, for the 5th Session of the Assembly. Moreover, replies to the questions, if already not sent, shall be sent at least two clear days before the day fixed for their replies.

**3.** In case of non receipt of reply to a question, blank question will be placed on the list of business, and in that case, any inconvenience caused to the Minister, the Department will be responsible.

**Note: -** **Allotment of days along-with list of questions can also be downloaded from the official website of the Provincial Assembly on the given link:- www.pakp.gov.pk**

Yours faithfully,

**(SARMAD ULLAH KHAN AFRIDI)**
**ASSISTANT SECRETARY**

E. No. PA/Khyber Pakhtunkhwa/L-II (Q) /2024/ 18728-18742 Dated 24 /12/2024.

Copy of the above is forwarded for information & necessary action to:-

1. All the Provincial Ministers, Khyber Pakhtunkhwa.
2. All the Advisors to Chief Minister, Khyber Pakhtunkhwa.
3. All the Special Assistants to Chief Minister, Khyber Pakhtunkhwa.
4. All the Honorable Members of the Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa.
5. The Principal Secretary to Chief Minister, Khyber Pakhtunkhwa.
6. The Principal Secretary to Governor, Khyber Pakhtunkhwa.
7. All the Additional Secretaries, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa.
8. The Additional Director IT, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa.
9. All the Deputy Secretaries, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa.
10. All the Assistant Secretaries, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa.
11. The Senior Private Secretary to Mr. Speaker, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa for information of the Honorable Speaker.
12. The Private Secretary to Chief Secretary, Khyber Pakhtunkhwa for information of the Chief Secretary.
13. The Assistant Director Coordination & Protocol, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa.
14. The Private Secretary to Deputy Speaker, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa for information of the Honorable Deputy Speaker.
15. The P.A to Special Secretary, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa for information of the Special Secretary.

**ASSISTANT SECRETARY.**

**ANNEXURE-I**

## ALLOTMENT OF DAYS FOR THE 5TH SESSION OF THE PROVINCIAL ASSEMBLY OF KHYBER PAKHTUNKHWA

| Group No. | Date of Sitting | Name of Departments |
|---|---|---|
| **69th** | Thursday 02nd January, 2025 | • Minerals Development<br>• Climate change, Forestry, Environment and wildlife<br>• Labour<br>• Industries, Commerce & Technical Education |
| **70th** | Friday 03rd January, 2025 | • Finance<br>• Administration |
| **71st** | Monday 06th January, 2025 | • Food<br>• Energy & Power<br>• Information & Public Relation<br>• Higher Education, Archives & Libraries<br>• Elementary & Secondary Education |
| **72nd** | Tuesday 07th January, 2025 | • Communication & Works<br>• Law, Parliamentary Affairs & Human Rights<br>• Local Government, Elections & Rural Development<br>• Public Health Engineering |
| **73rd** | Wednesday 08th January, 2025 | • Planning & Development<br>• Health<br>• Establishment<br>• Sports & Youth Affairs<br>• Home & Tribal Affairs |

**ANNEXURE-II**

# صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا

پانچویں اجلاس کا 69واں گروپ

## نشان زدہ سوالات (Starred Questions)

جو کہ 02 جنوری 2025ء کو منعقدہ اجلاس کے دوران دریافت کئے جائینگے۔

**Notice Date :** Aug 07, 2024 -- 03:31 PM - Wed
**Question # 403 سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Aug 13, 2024 - Tue
**Mr Arbab Muhammad Usman Khan, Member Provincial Assembly**

Will the minister for Wildlife states that:

(a) What's the status of the Monal chairlift and park development project? Why has the department delayed the process of the project, especially when the current chairlift structure was classified as unsafe by foreign experts in 2019?

(b)If there is zero tree cutting , significant revenue flow to the government, and the public recreation deprivation , why hasn't the project been approved and initiated? Provide the complete details.

**Notice Date :** Nov 01, 2024 -- 04:20 PM - Fri
**Question # 584 سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Nov 26, 2024 - Tue
**جناب عبدالغنی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر محکمہ جنگلات از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ نے ضلع خیبر میں گذشتہ 4 سالوں میں نجی نرسری فارمز سے پودے خریدے ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) کن کن نرسری فارم سے کتنے پودے خریدے گئے ہیں؟

(ii) ہر نرسری فارم کو کتنی ادائیگی کی گئی ہے اور محکمہ کے ذمے کتنی رقم واجب ادا ہے؟

(iii) ہر نرسری فارم کا نام، پتہ اور مالک کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Nov 11, 2024 -- 04:07 PM - Mon
**Question # 561 سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Nov 15, 2024 - Fri
**جناب محمد نثار صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر صنعت و حرفت از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ نے صنعت کے میدان میں نئے نئے منصوبہ بندیاں کی ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) گزشتہ تین (3) سالوں کے دوران کیا کیا منصوبہ بندی کی گئی ہے؟

(ii) کون کون سے صنعت اور صنعتی تحقیق، تجارت اور سروے کی گئی ہے۔ موجودہ وقت فعال اور غیر فعال صنعت کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے

**Notice Date :** Nov 13, 2024 -- 09:05 AM - Wed
**Question # 568 سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Nov 15, 2024 - Fri
**جناب محمد نثار صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر جنگلات از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ نے جنگلات کی غیر قانونی اور بے دریغ کٹائی کو روکنے کے حوالے سے کمیٹی تشکیل دی ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو کمیٹی کی مکمل تفصیل بمعہ کارکردگی فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Nov 18, 2024 -- 02:30 PM - Mon
**Question # 595 سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Dec 02, 2024 - Mon
**جناب محمد نثار صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر محکمہ لیبر از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) محکمہ کی زیر نگرانی ورکر ویلفئیر بورڈ نے گزشتہ (5) سالوں کے دوران کتنے ترقیاتی منصوبے شروع کئے تھے؟ اور موجودہ وقت کتنے جاری ہیں؟

گزشتہ (5) سالوں کی تفصیل ضلع وائز فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Nov 18, 2024 -- 02:31 PM - Mon
**سوال نمبر Question # 599**
**Sent to Dept Date:** Dec 02, 2024 - Mon
**جناب محمد نثار صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر ماحولیات وجنگلی حیات از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) محکمہ کی زیر نگرانی ضم اضلاع میں گزشتہ (3) سالوں کے دوران مختلف سرگرمیوں میں کتنے فنڈز کی منظوری دی گئی؟اوراس میں سے کتنا استعمال کیا گیا ہے؟صوبہ کے تمام اضلاع میں استعمال کیئے گئے فنڈز کی تفصیل بمعہ کارکردگی،کام اور نوعیت کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Nov 18, 2024 -- 02:32 PM - Mon
**سوال نمبر Question # 592**
**Sent to Dept Date:** Dec 03, 2024 - Tue
**جناب محمد نثار صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر ٹیکنیکل ایجوکیشن از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیایہ درست ہے کہ محکمہ ہذانے نئےضم اضلاع میں مختلف طریقوں سے تکنیکی اور فنی تعلیم کی سرگرمیاں شروع کی ہیں؟

(ب) اگر(الف)کاجواب اثبات میں ہوتو تمام نئےضم اضلاع میں گزشتہ (3) سالوں کی کارکردگی کی تفصیل اور خصوصاًباجوڑ کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Nov 20, 2024 -- 12:20 PM - Wed
**سوال نمبر Question # 585**
**Sent to Dept Date:** Nov 26, 2024 - Tue
**جناب جوہر محمد صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر صنعت وحرفت از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیایہ درست ہے کہ ضلع لکی مروت میں لکی سیمنٹ فیکٹری کام کررہی ہے۔جوکہ اس غریب ضلع کے روڈز،معدنیات،پانی اور دوسری بہت سی چیزیں استعمال کررہی ہے؟

(ب) آیایہ بھی درست ہے کہ اس کے گردوغبار کی وجہ سے سارے ضلع کی عوام دمہ،سینہ اور مختلف اقسام کے امراض میں مبتلا ہو چکے ہیں؟

(ج) اگر(الف)و(ب)کے جوابات اثبات میں ہوتواس کے بدلے ضلع لکی مروت سمیت صوبہ خیبر پختونخوا کو کیا کیا سہولیات اور کس مد میں کونسی آمدن حاصل ہورہی ہے؟اور 2010 سے اب تک ضلع لکی مروت سمیت صوبہ خیبر پختونخوا کو کتنی Payment کی گئی ہے؟

**Notice Date :** Nov 20, 2024 -- 12:21 PM - Wed
**سوال نمبر Question # 587**
**Sent to Dept Date:** Nov 27, 2024 - Wed
**جناب جوہر محمد صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر ماحولیات از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیایہ درست ہے کہ ضلع لکی مروت میں لکی سیمنٹ فیکٹری نے ماحولیاتی آلودگی کی روک تھام کیلئے اقدامات کیئے ہیں؟

(ب)آیایہ بھی درست ہے کہ لکی سیمنٹ فیکٹری موسمیاتی تبدیلی،آلودگی اور دیگر مضر اثرات سے بچاؤ کیلئے بین الاقوامی اور ملکی قوانین پر عمل پیرا ہے؟

(د) اگر(الف)و(ب)کے جوابات نفی میں ہوں تو محکمہ نے لکی سمنٹ فیکٹری کے خلاف کیا کاروائی کی ہے۔تفصیل فراہم کی جائے؟

**Notice Date :** Nov 25, 2024 -- 11:30 AM - Mon
**سوال نمبر Question # 609**
**Sent to Dept Date:** Dec 02, 2024 - Mon
**جناب محمد ریاض صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر معدنیات از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)معدنیات کی کل کتنی قسمیں ہیں۔سوپ سٹون کے علاوہ جن کمپونیوں نے لیز یا ایپلائی کے لیے افر کی اسکی تفصیل فراہم کریں؟

(ب)سوپ سٹون کا جوسٹاک ضلع کرم کے گوداموں کے اندر پڑا ہے کیا اسی طرح پڑا رہے گا؟کیا یہ مال خراب نہیں ہوگا؟گوداموں میں پڑا مال کب تک وہاں سے نکال دیا جائے گا۔تفصیل فراہم کریں۔

**Notice Date :** Nov 25, 2024 -- 11:31 AM - Mon
**سوال نمبر Question # 608**
**Sent to Dept Date:** Dec 02, 2024 - Mon
**جناب محمد ریاض صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر معدنیات از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)ضلع کرم میں کل کتنی معدنیات کے کارخانے ہیں؟ان میں کتنے لیز پر دیئے جاچکے ہیں؟اور کل کتنے ایپلائی ہو چکے ہیں؟

(ب)لیز دینے کے لیے کیا طریقہ کار ہے جن کی لیز ہو چکی ہے ان کا ٹائم پریڈ کتنا ہوگا؟پورا تفصیل فراہم کی جائے۔

# صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا

پانچویں اجلاس کا 70 واں گروپ

## نشان زدہ سوالات (Starred Questions)

جو کہ 03 جنوری 2025ء کو منعقدہ اجلاس کے دوران دریافت کئے جائینگے۔

**Notice Date :** Nov 11, 2024 -- 04:02 PM - Mon
**سوال نمبر Question # 565**
**Sent to Dept Date:** Nov 18, 2024 - Mon
**جناب محمد نثار صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر خزانہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضم اضلاع / سابقہ فاٹا کو NFC ایوارڈ میں شامل کیا گیا ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:۔

(i) گزشتہ 5 سالوں کے دوران NFC ایوارڈ کے تحت ضم اضلاع کو ملنے والی رقم کی مکمل تفصیل ضلع وائز فراہم کی جائیں۔

(ii) مذکورہ رقم کون کون سی مد میں جاری کی گئی ہے۔ اور کہاں کہاں کس طریقہ کار کے تحت استعمال کی گئی ہے؟

(iii) آیا موجودہ وقت میں مذکورہ فنڈ استعمال کی جارہی ہے مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Nov 21, 2024 -- 11:31 AM - Thu
**سوال نمبر Question # 597**
**Sent to Dept Date:** Dec 03, 2024 - Tue
**محترمہ ریحانہ اسماعیل صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر خزانہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ نے تقریباً 96 کروڑ روپے مختلف مساجد کے آئمہ کرام اور خطیب حضرات کو دینے کے لیے جاری کئے ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:۔

(i) مذکورہ رقم کس سال اور کس مقصد کے تحت جاری کی گئی؟

(ii) مذکورہ رقم محکمہ اوقاف کو بائی پاس کرتے ہوئے براہ راست مختلف ڈی۔ سی اور اے۔ سی کے اکاؤنٹ میں کس قانون کے تحت ٹرانسفر کی گئی تفصیل فراہم کی جائیں؟

**Notice Date :** Nov 21, 2024 -- 11:32 AM - Thu
**سوال نمبر Question # 600**
**Sent to Dept Date:** Dec 03, 2024 - Tue
**محترمہ ریحانہ اسماعیل صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر انتظامیہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ انتظامیہ کے زیر انتظام پشاور میں سرکاری ملازمین اور افسران کے لیے رہائشی کالونیاں، گھر اور فلیٹس موجود ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:۔

(i) محکمہ انتظامیہ اور اسٹیٹ افس کے زیر انتظام کل کتنے گھر، فلیٹس اور کوارٹرز ہیں؟ ان تمام کی تعداد بمعہ لوکیشن فراہم کی جائے۔

(ii) مذکورہ رہائشگاہوں میں کتنے ناقابل استعمال ہیں اور کتنے خالی ہیں؟

(iii) مذکورہ رہائشگاہوں میں ملحق محکمہ جات (Attached Departments) اور سیکرٹریٹ ڈیپارٹمنٹس کے لیے کتنے کتنے فیصد کوٹہ مختص ہے؟ نیز صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ کو کس کیٹگری میں رکھا گیا ہے؟ تفصیل فراہم کریں۔

# صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا

پانچویں اجلاس کا 71واں گروپ

## نشان زدہ سوالات(Starred Questions)

جو کہ 06 جنوری 2025ء کو منعقدہ اجلاس کے دوران دریافت کئے جائینگے۔

**Notice Date : Jun 10, 2024 -- 09:55 AM - Mon**
**Question # 241**
**Sent to Dept Date: Jun 25, 2024 - Tue**
**Mr Mushtaq Ahmad Ghani, Member Provincial Assembly**
Will the Minister for Food state that:.
(a) Is it true that recruitments were made in the Caretaker government from January 2023 to 27th February 2024?
(b) If the answer is in affirmative then please provide all the recruitments detail in the following manner.
i. S No.
ii. Department
iii. Number of recruitments made
iv. Daily wage / contract/ regular / own source / etc
v. Date of recruitment
vi. Copies of recruitment letters to be provided with annexures
**Notice Date : Jun 10, 2024 -- 10:03 AM - Mon**
**Question # 203**
**Sent to Dept Date: Jun 13, 2024 - Thu**
**Mr Mushtaq Ahmad Ghani, Member Provincial Assembly**
Will the Minister for Elementary & Secondary Education states that:
(a) Is it true that recruitment have been made in the caretaker government from January, 2023 to 27th February, 2024?
(b) If the answer is in affirmative then please provide detail in the following manner.
i. S No.
ii. Department
iii. Number of recruitment made
iv. Daily wage / contract/ regular / own source / etc
v. Date of recruitment
vi. Copies of recruitment letters alongwith annexes.
**Notice Date : Jun 10, 2024 -- 10:04 AM - Mon**
**Question # 202**
**Sent to Dept Date: Jun 13, 2024 - Thu**
**Mr Mushtaq Ahmad Ghani, Member Provincial Assembly**
Will the Minister for Elementary & Secondary Education states that:
(a) Is it true that procurement have made in the Caretaker Government from January 2023 to 27th February 2024?
(b) If the answer is in affirmative then please provide detail in the following manner:-
i. S No.
ii. Department
iii. District wise procuring entity.
iv. Nature of procurement (works/ services/ etc)
v. quantity of items procured
vi. Worth / cost of the procurement
vii. Source of funding ( ADP/ regular budget / own source accounts/ foreign funded projects / etc

**Notice Date : Aug 12, 2024 -- 04:06 PM - Mon**
**سوال نمبرQuestion # 411**
**Sent to Dept Date: Sep 04, 2024 - Wed**
**محترمہ ثوبیہ شاہد صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر برائے اعلیٰ تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ
(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ میں دیگر محکموں سے ڈیپوٹیشن پر ملازمین کو تعینات کیا گیا ہے؟
(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو:
(i) توان ملازمین کی فہرست بمعہ نام، عہدہ، مدت ملازمت اوراب کن آسامیوں پر تعینات ہیں؟ سال 2022 سے تاحال کی تفصیل فراہم کی جائے۔
(ii) نیزان کو کس قانون کے تحت ڈیپوٹیشن پر تعنیات کیا گیا ہے۔؟

**Notice Date : Aug 19, 2024 -- 02:32 PM - Mon**
**Question # 429سوال نمبر**
**Sent to Dept Date: Sep 10, 2024 - Tue**
**محترمہ ثوبیہ شاہد صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر برائے اعلیٰ تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ دیر لوئر میں ڈگری کالج صدیر کلے جندول، کامرس کالج ولئی کنڈ اور گرلز ڈگری کالج پلوسو میں مختلف اساتذہ بشمول فزکس ،کمسٹری، بیالوجی اور ہوم اکنامکس لیکچررز اور دیگر سٹاف کی آسامیاں خالی پڑی ہیں؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے مذکورہ کالجوں میں ضروری سہولیات مثلاً بجلی، پانی، لیبارٹریوں اور کرسیوں کی کمی ہے ؟

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو مذکورہ کالجوں میں اساتذہ و دیگر سٹاف کی خالی آسامیوں کی تفصیل فراہم کی جائے۔ نیز ان کالجوں میں جن سہولیات کی کمی ہے ان کی فہرست بھی مہیا کی جائے

**Notice Date : Aug 19, 2024 -- 02:36 PM - Mon**
**Question # 441سوال نمبر**
**Sent to Dept Date: Sep 10, 2024 - Tue**
**محترمہ ثوبیہ شاہد صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر اطلاعات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ اطلاعات خیبر پختونخوا نے صوبائی حکومت کی پبلسٹی اور ترقیاتی کاموں کے لیے مختلف اخبارات کو اشتہارات جاری کئے ہیں؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ صوبائی حکومت نے اخبارات کے ساتھ ساتھ الیکٹرانک میڈیا کو بھی اشتہارات جاری کئے ہیں جبکہ صوبائی حکومت کی پبلسٹی مہم ایڈورٹائزنگ ایجنسی کے ساتھ ساتھ الیکٹرانک میڈیا کو بھی اشتہارات جاری کئے ہیں اور پبلسٹی مہم ایڈورٹائزنگ ایجنسی کے ذریعے بھی چلائی؟

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:

(i) سال 2018 سے تاحال جن جن اخبارات کو ٹینڈر اور ڈسپلے اشتہار جاری کئے ان کے نام اور ان کی ادائیگیوں کی الگ الگ سالانہ تفصیل فراہم کی جائے۔

(ii) نیز صوبائی حکومت نے جن الیکٹرانک اداروں اور ایجنسیوں کے ذریعے پبلسٹی کے لیے اشتہارات جاری کئے ان کے نام اور ادائیگیوں کی الگ الگ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date : Aug 19, 2024 -- 02:37 PM - Mon**
**Question # 415سوال نمبر**
**Sent to Dept Date: Sep 05, 2024 - Thu**
**محترمہ ثوبیہ شاہد صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر خوراک ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ صوبے میں ذخیرہ اندوزی کرنے والوں کے خلاف قانونی کاروائی کی جاتی ہے ؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو گزشتہ پانچ سالوں کے دوران ذخیرہ اندوزی (Black Marketing) کے تحت جرم کرنے والوں سے کتنا جرمانہ وصول کیا گیا ہے تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date : Aug 23, 2024 -- 11:05 AM - Fri**
**Question # 453سوال نمبر**
**Sent to Dept Date: Sep 09, 2024 - Mon**
**جناب عدنان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر خوراک ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ نگران حکومت نے وفاقی سطح پر گندم کی خریداری کی تھی؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ نگران حکومت کو جو باہر سے گندم فراہم کی گئی تھی۔ وہ پورے پاکستان سمیت صوبہ خیبر پختونخوا کے گوداموں میں سٹور کی گئی تھی؟

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہو تو خیبر پختونخوا کے گوداموں میں اب تک کتنی گندم اور کتنے عرصے سے پڑی ہے۔ آیا یہ گندم استعمال کے قابل ہیں کہ نہیں مکمل تفصیل فراہم کیا جائے۔

**Notice Date : Aug 29, 2024 -- 10:43 AM - Thu**
**سوال نمبرQuestion # 454**
**Sent to Dept Date: Sep 09, 2024 - Mon**
**جناب سردار شاہجہان یوسف صاحب, رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر توانائی وبرقیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیایہ درست ہے کہ ضلع مانسرہ میں جبوڑی کے مقام پر ہائیڈروپاور پراجیکٹ شروع کیا گیا تھا؟

(ب) آیایہ بھی درست ہے کہ مذکورہ پراجیکٹ سال 2022 میں مکمل ہو چکا ہے؟

(ج) اگر (الف) و(ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:۔

(i) مذکورہ پراجیکٹ مکمل ہوئے 2 سال کا عرصہ گزر چکا ہے اس کا موجودہ حالت کیا ہے؟

(ii) گاؤں تکھن، جیڑ گلی اور ڈاڈر پراجیکٹ کے متعلق بھی تفصیل فراہم کیا جائے کہ وہ اس وقت کن مراحل میں ہیں۔

**Notice Date : Sep 09, 2024 -- 12:00 PM - Mon**
**سوال نمبرQuestion # 458**
**Sent to Dept Date: Oct 01, 2024 - Tue**
**جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر ابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیایہ درست ہے کہ ایجوکیشن مانیٹرنگ اتھارٹی کے ملازمین کو پبلک سرونٹس ڈیکلیئر کیا گیا ہے؟

(ب) آیایہ بھی درست ہے کہ اتھارٹی ملازمین کی دس سالہ سروس پوری ہو چکی ہے اور انکی سروس سٹرکچر، اپ گریڈیشن اور پنشن سمیت کئی ساری بنیادی حقوق سے محروم ہیں اور ان کے سروس رولز میں سروس سٹرکچر والا باب شامل نہیں؟

(ج) آیایہ بھی درست ہے کہ مذکورہ اتھارٹی کے ضلعی دفاترز اور انتظامی آسامیوں کو پی ایم ایس افسروں کیلئے مختص کیا گیا ہے؟

(د) اگر (الف) تا (ج) کے جوابات اثبات میں ہو تو:۔

(i) کیا مذکورہ اتھارٹی کے ملازمین کو پبلک سرونٹ بنایا گیا ہے حالانکہ آئی ایم یو ہیلتھ پراجیکٹ والوں کو سول سرونٹس کی حیثیت سے مستقلی دی گئی ہے اس کی تفصیل فراہم کی جائے۔

(ii) آیا اتھارٹی کی ضلعی اور ہیڈ آفس کی انتظامی آسامیوں پر پی ایم ایس افسران کی تعیناتی سے اتھارٹی ملازمین کیلئے ترقی کا راستہ بند نہیں ہوگا تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date : Sep 11, 2024 -- 10:02 AM - Wed**
**سوال نمبرQuestion # 464**
**Sent to Dept Date: Oct 01, 2024 - Tue**
**جناب ملک عدیل اقبال صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر ابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیایہ درست ہے کہ ضلع ہری پور کے سکولوں کو پی ٹی سی کے ذریعے مختلف مدات میں سکولوں کی بحالی ومرمت کیلئے مالی سال 2018 تا 2023 تک فنڈز دیئے گئے ہیں؟

(ب) آیایہ بھی درست ہے کہ مذکورہ فنڈز پوری شفافیت کے ساتھ خرچ نہیں ہوئے ہیں؟

(ج) اگر (الف) و(ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو میرے حلقہ نیابت پی کے-48 میں سکول وائز فنڈز جن جن مدات میں خرچ کئے گئے ہیں ان کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date : Sep 11, 2024 -- 10:04 AM - Wed**
**سوال نمبرQuestion # 469**
**Sent to Dept Date: Oct 01, 2024 - Tue**
**جناب ملک عدیل اقبال صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر ابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیایہ درست ہے کہ گذشتہ حکومت نے صوبہ بھر میں نئے سکولز تعمیر کئے ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو میرے حلقہ نیابت پی کے 48 میں طلباء وطالبات کے کل کتنے پرائمری، مڈل وہائیر سیکنڈری سکولز تعمیر کئے گئے ہیں تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date : Sep 11, 2024 -- 10:07 AM - Wed**
**Question # 466سوال نمبر**
**Sent to Dept Date: Oct 01, 2024 - Tue**
**جناب ملک عدیل اقبال صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر ابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیایہ درست ہے کہ سال 2018ء سے 2023ء تک ضلع ہری پور میں (Deceased son quota) کے تحت محکمہ میں بھرتیاں کی گئی ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو مذکورہ عرصہ کے دوران بھرتی شدہ افراد، اُن کے والدین کے (Death) سرٹیفکیٹ، نام اور عہدہ کی تفصیل حلقہ وائز فراہم کی جائے۔

**Notice Date : Sep 11, 2024 -- 10:08 AM - Wed**
**Question # 468سوال نمبر**
**Sent to Dept Date: Oct 01, 2024 - Tue**
**جناب ملک عدیل اقبال صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر برائے اعلیٰ تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیایہ درست ہے کہ سال 2018ء سے 2023ء تک ضلع ہری پور میں (Deceased son quota) کے تحت محکمہ میں بھرتیاں کی گئی ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو مذکورہ عرصہ کے دوران بھرتی شدہ افراد، اُن کے والدین کے (Death) سرٹیفکیٹ، نام اور عہدہ کی تفصیل حلقہ وائز فراہم کی جائے۔

**Notice Date : Sep 11, 2024 -- 10:14 AM - Wed**
**Question # 478سوال نمبر**
**Sent to Dept Date: Oct 01, 2024 - Tue**
**جناب ملک عدیل اقبال صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر ابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) محکمہ تعلیم میں پی ایس ٹی، سی ٹی، ایس ایس ٹی کی تقرری ایف ٹی ایس، این ٹی ایس یا دیگر ٹیسٹنگ ایجنسیوں کے ذریعے کب شروع کی گئی ہے تفصیل بمعہ دستاویزات فراہم کی جائے۔

(ب) ایسے ٹیسٹوں کیلئے کوئی قواعد وضوابط / قانون یا پالیسی تحریر موجود ہے۔ تفصیل بمعہ دستاویزات فراہم کی جائے۔

(ج) کیا محکمہ ہذا ٹیسٹ لینے کیلئے کسی ٹیسٹ ایجنسی سے معاہدہ کرتا ہے اور دونوں فریقین کے مابین شرائط طے کئے جاتے ہیں اب تک کن کن ٹیسٹنگ ایجنسیوں سے تحریری معاہدے طے ہو چکے ہیں تفصیل بمعہ تحریری دستاویزات فراہم کی جائے۔

(د) این ٹی ایس وغیرہ کے ذریعے 2018 سے اب تک جتنی مذکورہ بالا پوسٹوں پر تعیناتی ہوئی ہیں این ٹی ایس کے رزلٹ ٹیسٹ وائز اور اُن پر تعیناتیوں کی تفصیل ضلع وائز فراہم کی جائے۔

# صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا

پانچویں اجلاس کا 72واں گروپ

## نشان زدہ سوالات (Starred Questions)

### جو کہ 07 جنوری 2025ء کو منعقدہ اجلاس کے دوران دریافت کئے جائینگے۔

**Notice Date :** Nov 11, 2024 -- 04:00 PM - Mon
**سوال نمبر Question # 596**
**Sent to Dept Date:** Dec 03, 2024 - Tue
**جناب محمد نثار صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر مواصلات و تعمیرات از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ کے زیر نگرانی ضم اضلاع کے مختلف سڑکوں کے منصوبوں کیلئے غیر ملکی قرضہ مختص کیا گیا تھا؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) گزشتہ پانچ سالوں کے دوران محکمہ کے زیر نگرانی کتنا غیر ملکی فنڈ کن کن ضم اضلاع کیلئے منظور ہوا تھا اور کہاں کہاں پر اور کس طریقہ کار کے تحت تاحال خرچ کیا گیا ہے اور کتنا فنڈ ابھی بھی موجود ہے؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

(ii) مذکورہ عرصہ کے دوران ضلع باجوڑ کیلئے کتنا فنڈ منظور ہوا تھا ان فنڈز سے ضلع باجوڑ میں جن سڑکوں کی تعمیر و مرمت کی گئی ہے ہر ایک کی الگ الگ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Nov 12, 2024 -- 10:05 AM - Tue
**سوال نمبر Question # 580**
**Sent to Dept Date:** Nov 26, 2024 - Tue
**جناب محمد عارف صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر مواصلات و تعمیرات از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ گیس صوبے کے سڑکوں میں پائپ لائن بچھانے کے لئے محکمہ ہذا سے NOC لینے کا پابند ہوتا ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) پائپ لائن بچھانے کے دوران سڑکوں کو جو نقصان پہنچتا جاتا ہے اس کی تعمیر کون کرتا ہے نیز ان کا پورا طریقہ کار بتایا جائے۔

(ii) تحصیل شبقدر میں شبقدر سے سوختہ روڈ، شبقدر سے اتکے روڈ اور شبقدر سے گڑنگے روڈ پر پائپ لائن بچھاتے ہوئے جتنا نقصان کیا ہے محکمہ گیس نے کتنی رقم ادا کی ہے یہ رقم کہاں پر لگی ہے اور کتنی رقم محکمہ گیس کے ذمے باقی ہیں نیز اب تک محکمہ مواصلات و تعمیرات نے اس میں کیا پراگریس کی ہے اس کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Nov 12, 2024 -- 10:06 AM - Tue
**سوال نمبر Question # 581**
**Sent to Dept Date:** Nov 26, 2024 - Tue
**جناب محمد عارف صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر مواصلات و تعمیرات از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) پشاور سے تحصیل شبقدر تک اور چارسدہ تک PKHA کے کتنے پلاٹس ہیں جو PKHA کی ملکیت میں ہیں؟

(ب) ان دونوں سڑکوں کے کناروں پر کتنے پلاٹس لیز پر یا کرایہ پر دیئے گئے ہیں اور کیا ان پلاٹس کو دیتے وقت کو ڈل فارمیلیٹیز پوری کی گئی ہیں؟ تمام اشتہارات اور پورے عمل کی کاپیاں فراہم کی جائیں اور جن لوگوں کو دیئے گئے ہیں ان کے نام اور پتہ بھی فراہم کئے جائیں۔

**Notice Date :** Nov 13, 2024 -- 09:07 AM - Wed
**سوال نمبر Question # 583**
**Sent to Dept Date:** Nov 26, 2024 - Tue
**جناب محمد نثار صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر مواصلات و تعمیرات از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ ہذا کے پاس سڑک کی تعمیر و مرمت کے معیار کو چیک کرنے کے لیے جدید، نئے الات اور روڈ ٹسٹینگ مشنیری موجود ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو مشینری کی فصیل اور گزشتہ (3) سالوں سے تاحال ان الات سے جتنے روڈ ٹیسٹ کئے گئے ہیں ان روڈز میں غیر معیاری (خراب) اور معیار روڈز کی تفصیل فراہم کی جائے نیز غیر معیاری (خراب) ثابت ہونے کی صورت میں جن جن لوگوں کے خلاف کارروائی کی گئی ہیں ان تفصیل بھی فراہم کی جائیں۔

**Notice Date :** Nov 14, 2024 -- 02:31 PM - Thu
**سوال نمبر Question # 572**
**Sent to Dept Date:** Nov 20, 2024 - Wed
**جناب ارباب محمد عثمان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیرقانون وپارلیمانی اموراورانسانی حقوق ازراہ کرم ارشادفرمائیں گے کہ

(الف) پشاور ہائی کورٹ میں فی الوقت کل کتنے ججز صاحبان ڈیوٹی سرانجام دے رہے ہیں آیا مذکورہ تعداد عدالتی اُمور چلانے کیلئے پوری ہیں؟

(ب) پشاور ہائی کورٹ میں موجودہ وقت کتنے کیسز زیرالتواء ہیں؟ اور کتنے عرصہ سے التواء ہیں۔ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Nov 14, 2024 -- 02:32 PM - Thu
**سوال نمبر Question # 571**
**Sent to Dept Date:** Nov 21, 2024 - Thu
**جناب ارباب محمد عثمان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیربلدیات ازراہ کرم ارشادفرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ کے زیرنگرانی پشاور ڈیولپمنٹ اتھارٹی (PDA) نے تعمیر گلیاں اور نالی (ڈرین) براستہ (GT) جی۔ٹی روڈ ایک سکیم شروع کی تھی۔ جو کہ ملوگو اور کندی حیات رشیدہ سے گزار کر باڑہ تک پہنچانا تھا؟

(ب) اگر (الف) کاجواب اثبات میں ہو تو:

(i) مذکورہ سکیم کی منظوری کب ہوئی تھی اور اس کا تخمینہ لاگت کتنا تھا۔

(ii) ٹینڈر کاپی، اخباری اشتہار، ٹھیکدار بمعہ فرم کانام ورک آرڈر ایشو، تاریخ تکمیل کی مکمل تفصیلات فراہم کی جائیں۔

(iii) نیز مذکورہ سکیم اب تک کیوں مکمل نہیں ہوا ہے۔ وجوہات بتائی جائیں اور یہ کب تک مکمل ہو گی۔

**Notice Date :** Nov 14, 2024 -- 02:33 PM - Thu
**سوال نمبر Question # 570**
**Sent to Dept Date:** Nov 21, 2024 - Thu
**جناب ارباب محمد عثمان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیربلدیات ازراہ کرم ارشادفرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ صوبائی حکومت کی طرف سے ضلع پشاور کے تمام 13 حلقوں کے لیے ٹرانسفارمرز کی مرمت کی مد میں فی حلقہ ایک کروڑ روپے زیرنگرانی تحصیل اسسٹنٹ ڈائریکٹرز محکمہ بلدیات کو فراہم کیے گئے ہیں؟

(ب) اگر (الف) کاجواب اثبات میں ہو تو:

(i) مذکورہ ٹینڈرز کی کاپی، ٹینڈر کاطریقہ کار، مختص شدہ فنڈ کاطریقہ استعمال اور یہ کس طرح عوامی مفاد میں استعمال ہو گا۔ مکمل تفصیل فراہم کی جائیں۔

(ii) یہ مذکورہ فنڈ متعلقہ ایم۔پی۔اے یاچیئرمینوں کے ذریعے استعمال ہو گا؟ مکمل تفصیل بمعہ طریقہ کار فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Nov 20, 2024 -- 12:25 PM - Wed
**سوال نمبر Question # 588**
**Sent to Dept Date:** Nov 27, 2024 - Wed
**جناب جوہر محمد صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیرآبنوشی ازراہ کرم ارشادفرمائیں گے کہ

(الف) ضلع لکی مروت میں پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کی ٹوٹل کتنی واٹر سپلائی سکیمیں ہیں؟ کتنی واٹر سپلائی سکیمیں فنکشنل اور کتنی نان فنکشنل ہیں؟ نان فنکشنل سکیمیں کب تک فنکشنل ہو جائیں گی۔ تفصیل فراہم کی جائے؟

**Notice Date :** Nov 20, 2024 -- 12:26 PM - Wed
**سوال نمبر Question # 601**
**Sent to Dept Date:** Dec 03, 2024 - Tue
**جناب جوہر محمد صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیربلدیات ازراہ کرم ارشادفرمائیں گے کہ

(الف) ٹی ایم اے لکی مروت میں کل کتنے ملازمین ہیں؟ کتنے عارضی اور کتنے ملازمین مستقل ہیں؟ کتنی آسامیاں خالی ہیں؟، مکمل تفصیلات فراہم کی جائیں؟

**Notice Date :** Nov 20, 2024 -- 12:27 PM - Wed
**سوال نمبر Question # 602**
**Sent to Dept Date:** Dec 03, 2024 - Tue
**جناب جوہر محمد صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیربلدیات ازراہ کرم ارشادفرمائیں گے کہ

(الف) ٹی ایم اے لکی مروت کے زیرانتظام پینے کے صاف پانی کی فراہمی کی کتنی سکیمیں فنکشنل ہیں اور کتنی خراب ہیں، خراب سکیموں کی بحالی کیلئے کیا اقدامات اٹھائے جارہے ہیں نیز ٹی ایم اے لکی مروت کی پچھلے پانچ سالوں کی آمدن اور اخراجات کی مکمل تفصیلات فراہم کی جائے؟

**Notice Date :** Nov 20, 2024 -- 12:28 PM - Wed
سوال نمبر **Question # 594**
**Sent to Dept Date:** Dec 03, 2024 - Tue
**جناب جوہر محمد صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر بلدیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلع لکی مروت کو خوبصورت بنانے کے لیے بیوٹیفکیشن فنڈ متعارف کرایا گیا تھا؟

(ب) اگر (الف) کا جواب مثبت میں ہوں تو:

(i) مذکورہ مد میں کتنا فنڈ مختص کیا گیا تھا؟

(ii) مذکورہ فنڈ سے ضلع لکی مروت کو خوبصورت بنانے کے لیے کتنا فنڈ خرچ کیا گیا؟

(iii) خرچ شدہ فنڈ کن کن منصوبوں پر لگایا گیا۔ان منصوبوں کی سکیم وائز تفصیلات فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Nov 25, 2024 -- 11:26 AM - Mon
سوال نمبر **Question # 610**
**Sent to Dept Date:** Dec 03, 2024 - Tue
**جناب محمد ریاض صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر مواصلات و تعمیرات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلع کرم میں AIP پروگرام کے تحت منصوبوں پر کام جاری ہے ؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو مذکورہ پروگرام کے تحت کتنے منصوبے مکمل اور کتنے نامکمل ہیں اس کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔نیز جو منصوبے تاحال نامکمل ہیں ان کی وجوہات بتائی جائے۔

(ج) مذکورہ پروگرام کے تحت جاری کئے گئے فنڈز سے روڈز، بلڈنگ اور پُلوں کے علاوہ دیگر کس مد میں کام کئے گئے ہیں نیز یہ پروگرام کب سے شروع ہوا ہے؟

**Notice Date :** Nov 25, 2024 -- 11:27 AM - Mon
سوال نمبر **Question # 607**
**Sent to Dept Date:** Dec 03, 2024 - Tue
**جناب محمد ریاض صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر بلدیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے۔کہ

(الف) ضلع کرم کو AIP پروگرام کے تحت کتنا فنڈ دیا گیا ہے۔تفصل فراہم کریں۔

(ب) DDP-1 DDP-2, اور DDP-3 سے ضلع کرم کے مختلف شہروں میں کتنے سکمیں مکمل ہوئے ہیں۔اور جتنے سیکموں کی ٹنڈز ہو چکی ہیں۔ ان کی مکمل تفصل فراہم کی جائے۔

نیز جن ٹھیکداروں کو ٹھیکے ملے تھے۔اُن ٹھیکداران کی لانسیس، شناختی کارڈ اور سی ڈی ار کی کاپیوں کے علاوہ اخباری ٹنڈر، ٹائم اور تاریخ کی مکمل تفصل فراہم کی جاہیں۔

**Notice Date :** Nov 28, 2024 -- 02:40 PM - Thu
سوال نمبر **Question # 614**
**Sent to Dept Date:** Dec 06, 2024 - Fri
**جناب ظاہر خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر مواصلات و تعمیرات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) سال 25-2024 کی ADP میں میرے حلقے PK78 میں سڑکوں کی تعمیر و مرمت کے لیے کل کتنا فنڈز مختص کیا گیا ہے؟ اس فنڈز سے کن کن سڑکوں کی تعمیر اور مرمت ہو گی؟ ان کی کل لمبائی سمیت مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

# صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا

پانچویں اجلاس کا 73 واں گروپ

## نشان زدہ سوالات (Starred Questions)

جو کہ 08 جنوری 2025ء کو منعقدہ اجلاس کے دوران دریافت کئے جائینگے۔

**Notice Date : Jul 30, 2024 -- 05:45 PM - Tue**
سوال نمبر **Question # 362**
**Sent to Dept Date: Aug 05, 2024 - Mon**
محترمہ شہلا بانو صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ہزارہ ڈویژن کے ہسپتالوں میں کتنے اور سانپ کے کاٹنے کے علاج کے لئے ویکسین موجود ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو

(i) ضلع وائز ہسپتالوں میں موجود ویکسین کے سٹاک کی تفصیل فراہم کی جائے۔

(ii) مذکورہ ویکسین کہاں سے خریدی جاتی ہیں اور پاکستان میں اس کی لیبارٹری کہاں پر واقع ہے؟

(iii) نیز خیبر پختونخواہ میں اس لیبارٹری کا قیام کب عمل میں لایا جائے گا۔ اور اب تک خیبر پختونخواہ میں اس کی لیبارٹری کیوں نہیں ہے۔

(iv) موجودہ وقت میں صوبے کے ہسپتالوں میں کتنا سٹاک ہے؟ ہسپتال وائز تفصیل فراہم کیا جائے۔

**Notice Date : Aug 05, 2024 -- 02:30 PM - Mon**
سوال نمبر **Question # 388**
**Sent to Dept Date: Aug 08, 2024 - Thu**
محترمہ ثوبیہ شاہد صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ڈی جی، پراونشل ہیلتھ سروسز اکیڈمی گریڈ 18 اور گریڈ 19 کے پراونشل مینجمنٹ کیڈر کے افسران کو ٹریننگ دیتا ہے؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ افسران کی ٹریننگ کے لیے محکمہ خزانہ نے 25 لاکھ کا فنڈ بھی ریلز کیا ہے؟

(ج) آیا یہ بھی درست ہے کہ محکمہ صحت کی طرف سے تاحال ڈی جی، پراونشل ہیلتھ سروسز اکیڈمی کو مذکورہ افسران کی ٹریننگ شروع کرنے کی اجازت نہیں دی گئی؟

(د) اگر (الف) تا (ج) کے جوابات اثبات میں ہوں تو فنڈز ریلیز ہونے کے باوجود ڈی جی، پراونشل ہیلتھ سروسز اکیڈمی نے مذکورہ افسران کی ٹریننگ شروع کیوں نہیں کی؟ اس کا ذمہ دار کون ہے؟ ٹریننگ کب تک شروع کی جائے گی؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date : Aug 19, 2024 -- 02:34 PM - Mon**
سوال نمبر **Question # 421**
**Sent to Dept Date: Sep 09, 2024 - Mon**
محترمہ ثوبیہ شاہد صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا درست ہے کہ پشاور کے ہسپتالوں میں کتنے اور سانپ کے کاٹنے کے علاج کے لیے ویکسین موجود ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو پشاور کے ہسپتالوں میں موجود ویکسین کے سٹاک کی تفصیل ہسپتال وائز فراہم کی جائے۔

**Notice Date : Aug 19, 2024 -- 02:35 PM - Mon**
سوال نمبر **Question # 430**
**Sent to Dept Date: Sep 09, 2024 - Mon**
محترمہ ثوبیہ شاہد صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ صحت انصاف کارڈ پر ہر قسم کی بیماریوں کا علاج صوبے کی سرکاری اور پرائیویٹ ہسپتالوں میں مفت کیا جاتا ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو ضلع اپر دیر میں عموماً اور بلخصوص لوئر دیر میں کل کتنے صحت انصاف کارڈ جاری کئے گئے ہیں؟ اس کی تعداد بتائی جائے۔

(ج) آیا دیر اپر اور دیر لوئر اضلاع کے صحت کارڈز پشاور کے سرکاری اور پرائیویٹ ہسپتالوں میں کارآمد ہیں یا یہ صرف ان اضلاع تک محدود ہیں؟ اسکی وضاحت کی جائے۔

**Notice Date : Aug 23, 2024 -- 11:04 AM - Fri**
**سوال نمبر Question # 440**
**Sent to Dept Date: Sep 10, 2024 - Tue**
**جناب عدنان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیرداخلہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیایہ درست ہے کہ حکومت قانون کے مطابق پولیس شہداء کے لواحقین کو مراعات دیتی ہے؟

(ب) اگر(الف)کاجواب اثبات میں ہوتو2008سے لے کر جون2024تک صوبہ خیبر پختونخوامیں کتنے پولیس کانسٹبل وآفسران نے جام شہادت نوش کیا۔

(ج)اوراب تک ان شہداء کے لواحقین کوقانون کے مطابق جومراعات ملنے چاہیے تھیں کس کس کو ملی ہیں اور کس کو نہیں ملی سب کی تفصیل فراہم کریں۔

**Notice Date :** Sep 11, 2024 -- 05:21 PM - Wed
**سوال نمبر Question # 473**
**Sent to Dept Date:** Oct 01, 2024 - Tue
**جناب عدنان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیرداخلہ ازراہ کرم ارشادفرمائیں گے کہ

(الف) آیایہ درست ہے کہ خیبرپختونخواکے پولیس تھانوں میں درج کیے گئے کیسوں کی تفتیش پر تفتیشی افسر کو فنڈ ملتاہے؟

(ب) اگر(الف)کاجواب اثبات میں ہوتو تفتیشی افسر کو کیس کے لحاظ سے کتنا فنڈ ملتاہے؟اوریہ ریٹ کب سے فکس ہواہے تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Sep 12, 2024 -- 06:40 PM - Thu
**سوال نمبر Question # 518**
**Sent to Dept Date:** Oct 14, 2024 - Mon
**جناب عدنان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیرمنصوبہ بندی وترقیات ازراہ کرم ارشادفرمائیں گے کہ

(الف) آیایہ درست ہے کہ فاٹاریگولرائزیشن ایکٹ2022کے تحت محکمہ پی اینڈڈی کے گریڈ1سے19کے226ملازمین کوریگولرائزکیاگیاہے؟

(ب) آیایہ بھی درست ہے کہ ان226ملازمین کوپی پی ایس(Provincial Planning Services)اورمنسٹیریل کیڈرمیں ایڈجسٹ کیا گیاہے؟

(ج) اگر(الف)و(ب)کے جوابات اثبات میں ہوں تو اب تک ان میں سے44افسران کوپی پی ایس(Provincial Planning Services)اورباقی ملازمین کو میںنسٹیریل کیڈرمیں ایڈجسٹ کیوں نہیں کیاگیا؟نیزکب تک انہیں مطلوبہ پی پی ایس کیڈرمیں شامل کیاجائے گا؟تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Sep 18, 2024 -- 03:32 PM - Wed
**Question # 523 سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Oct 21, 2024 - Mon
**Mr Asif Khan, Member Provincial Assembly**

Will the minister for Health state:
(a)Is it true that approximately one billion rupees were spent on the procurement of examination gloves in the current year?
(b)Is it also true that this procurement resulted in significant financial losses and that an inquiry revealed a major embezzlement scandal?
(c)If so, please provide documented details on the following aspects:-
(i)What was the exact amount spent on the procurement of examination gloves?
(ii)How many examination gloves were procured?
(iii)What was the unit price per 100 gloves?
(iv)Which brand of examination gloves was procured?
(v)How were the purchased gloves distributed and to whom?
(vi)What were the finding of the inquiry into the alleged embezzlement and misconduct?
(vii)Please provide a copy of the inquiry report.
(viii)What actions have been taken against those involved in the scandal in the light of the Inquiry?

**Notice Date :** Oct 07, 2024 -- 03:30 PM - Mon
**سوال نمبر Question # 494**
**Sent to Dept Date:** Oct 14, 2024 - Mon
**محترمہ شہلا بانو صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیرصحت ازراہ کرم ارشادفرمائیں گے کہ

(الف) ضلع ایبٹ آباد میں کٹیگری ڈی کے کتنے ہسپتال،بنیادی مراکز صحت،آرایچ سیزاورڈسپنسریاں کہاں کہاں پر قائم ہیں؟

(ب) مذکورہ ڈسپنسریوں،بنیادی مراکز صحت میں کتنے کرایہ کی بلڈنگ میں قائم ہیں۔ان کاماہانہ کرایہ کتناہے؟تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Oct 07, 2024 -- 03:31 PM - Mon
سوال نمبر **Question # 492**
**Sent to Dept Date:** Oct 14, 2024 - Mon
محترمہ شہلا بانو صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر عملہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیایہ درست ہے کہ سالانہ ترقیاتی پروگرام برائے مالی سال 2021-22اور 2023-24میں محکمہ کو مختلف مدات میں ترقیاتی فنڈز ملے ؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو مذکورہ مالی سال میں ملنے والی رقم کو کہاں پر کتنا کتنا خرچ کیا گیا اور کتنے فنڈز مختص ہوئے ؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Oct 07, 2024 -- 03:32 PM - Mon
سوال نمبر **Question # 490**
**Sent to Dept Date:** Oct 14, 2024 - Mon
محترمہ شہلا بانو صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر کھیل ثقافت وامور نوجوانان ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) ضلع ایبٹ آباد میں علاقائی ثقافت کے فروغ کے لیے حکومت کس قسم کے اقدامات اٹھارہی ہے اور اس مقصد کے لیے جو حکمت عملی اختیار کی جارہی ہے اس کی تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Oct 07, 2024 -- 03:34 PM - Mon
سوال نمبر **Question # 512**
**Sent to Dept Date:** Oct 15, 2024 - Tue
محترمہ شہلا بانو صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیایہ درست ہے کہ ہسپتالوں میں صحت کارڈ پر مریضوں کا علاج معالجہ ہو رہا ہے ؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) سال 2018 سے اب تک کتنے مریضوں کا علاج ممکن ہو سکا ہے ؟

(ii) موجودہ حکومت کے دور میں HMC-KTH-LRH اور کڈنی سنٹر حیات آباد میں کل کتنے مریضوں کا علاج صحت کارڈ پر کیا گیا۔ ہر ہسپتال کی الگ الگ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Oct 08, 2024 -- 07:15 PM – Tue
سوال نمبر **Question # 507**
**Sent to Dept Date:** Oct 14, 2024 - Mon
جناب عدنان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر منصوبہ بندی و ترقیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) محکمہ پی اینڈ ڈی کو مالی سال 2024-25 کی اے ڈی پی میں کل کتنے پروجیکٹس ملے ہیں ؟

(ب) کیا مذکورہ پروجیکٹس پلاننگ کمیشن کی گائیڈ لائنز کے مطابق مقررہ مدت میں مکمل نہیں کیے جاسکے ہیں اور ان میں مزید کتنے پروجیکٹس کو ایکسٹینشن دی گئی ہیں یا دوبارہ ریوائیزڈ کیے گئے ہیں ؟ تفصیل فراہم کی جائے۔